दो कलियां

دو کلیاں

اداکاران

وشواجیت ۔ مالا سنہا ۔ محمود

قیمت [illegible] نئے پیسے

رحمٰن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

گانا نمبر ۱ — دو کلیاں فلم کے

تمہاری نظر کیوں خفا ہو گئی
خطا بخش دو گر خطا ہو گئی
ہمارا ارادہ تو کچھ بھی نہ تھا
تمہاری خطا خود سزا ہو گئی
سزا ہی سہی آج کچھ تو ملا ہے
سزا میں بھی پیار کا سلسلہ ہے
محبت کا اب کچھ بھی انجام ہو
ملاقات کی ابتدا ہو گئی
ملاقات پر اتنے مغرور کیوں ہو
ہماری خوشامد پہ مجبور کیوں ہو
منانے کی عادت کہاں پڑ گئی ہے
ستانے کی تعلیم کیا ہو گئی ہے
ستائے نہ ہم تو مناتے ہی کیسے
تمہیں اپنے نزدیک لاتے ہی کیسے
اسی دن کا چاہت کو ارمان تھا
قبول آج دل کی دعا ہو گئی

گانا نمبر۲:۔ یہ سماں یہ رُت یہ نظارے
دِل میرا مچلنے لگا
جانِ وفا اے دِلرُبا ایسے میں آ میری باہوں میں آ
رنگ نے نگاہوں کے اشارے تن میرا مچلنے لگا
میں ہوں تیری تو ہے میرا
آ میرے دِل کی باہوں میں آ
شانے پہ میرے گِرا دے زُلفیں آنکھوں پہ بکھرا دے زُلفیں
ایسا جگا دے پیار کا جادو سارے جہاں پہ چھائے نشہ
آنکھوں نے آنکھوں کی پڑھی زباں
میرے دِل میں ہیں اُمنگیں جواں
شوق سے بڑھ کر تھام لے بازو
جان گئی تیرے دِل میں ہے کیا
گانا نمبر۳:۔ مسلم کو تسلیم عرض ہے ہندو کو پرنام
گھر کی کھیتی صاف کرا لو پیارے میں ہوں ایک حجام
جب جب دُولہے کا سر مونڈوں
تب تب پاؤں انعام پیارے
سب کی خاطر کھلا ہوا ہے
اِس نیچی کا کھانا
کیا پنڈت جی کیا مولانا
اپنا سب سے ناطہ
سب کے بیٹے جوکس رکھنا اِس بیٹے کا کام

زلفیں ایکڑ چھاپ بنا دوں آجا او متوالے
آج کے دلبر کو بھاتے ہیں چہرے میک اپ والے
بنر بیری پیچھے پائے گا پیلے بن گلفام
اس بیٹے کے روپ ہیں کتنے
سُنیا تجھ کو سمجھا ہیں
جو گراہک کے سر کو مُنڈے
بزنس مین کہلائے
جو پبلک کی کرے حجامت اُس کا لیڈر نام
گانا نمبر۲: بنے من کے بچے سارے جگ کی آنکھ کے تارے
یہ وہ ننھے پھول ہیں جو بھگوان کو لگتے پیارے
تو وہ بھی خود من جائیں پھر ہم بھی بن جائیں
جھگڑا جس کے ساتھ کرے
اگلے ہی پل پھر بات کرے
ان کو کسی سے بیر نہیں
ان کے لئے کوئی غیر نہیں
ان کا بھولا پن ملتا ہے سب کو پائیں پیار سے
انسان جب تک بچہ ہے تب تک سچا ہے
جیوں جیوں اُس کی عمر بڑھے
من پر جھوٹ کا میل چڑھے
کرودھ بڑھے نفرت گھیرے
لالچ کی عادت گھیرے

بچپن ان پاپوں سے ہٹ کر
اپنی عمر گزارے
تن کومل من سندر ہے
بچے بڑوں سے بہتر ہیں
ان میں جھوٹ اور چھات نہیں
جھوٹی ذات اور پات نہیں
بھاشا کی تکرار نہیں مذہب کی دیوار نہیں
ان کی نظروں میں ایک ہیں مندر مسجد گوردوارے
گانا نمبر ۵:۔ تمہاری نظر کیوں خفا ہو گئی
خطا بخش دو گر خطا ہو گئی
ہمارا ارادہ تو کچھ بھی نہ تھا
تمہاری خطا خود سزا ہو گئی
سزا کچھ بھی دو سزا تو بتا دو
میری بے گناہی کا کچھ تو صلہ دو
میرے دل کے مالک میرے دیوتا
بس اب ظلم کی انتہا ہو گئی
کبھی جن کے نظروں میں ارماں پلے تھے
سزاؤں دیے آرزو کے جلے تھے
یقین ہے مگر یہ یقین جرم ہے
کہ اس کی نظر بے وفا ہو گئی

گانا نمبر ۶:۔ جنت نندن آگے ناچوں گی

ناچ ناچ پیا رسک رجھاؤں پریمی

جن کو ناچیں گی

پریم پریت کا باندھ کے گھنگھرو امورت کی پھیلی کا چھونگی

لوک لاج کل کی مریادا میں ایک نہ راکھوں گی

پیا کے سنگ جا بیٹھوں گی میرا ہری رنگ ناچوں گی

گانا نمبر ۷:۔ سجنا او سجنا ایسے میں جی نہ جلا

رات سہانی ہے پیاسی جوانی ہے

آ میرے پہلو میں آ

کھو کے نہ پائے گا پھر یہ سہارے

آ تیری راتوں میں بھر دوں ستارے

سانسوں میں گھل جا آنکھوں میں ڈھل جا

او میرے دلبر تھوڑا سا کھل جا

ملنے کی گھڑیاں نہ یوں ہی گنوا

پی میری آنکھوں سے بن جا شرابی

ہونے دے تھوڑی سی دنیا گلابی

رنگوں میں بس جا پھولوں میں رچ جا

او میرے دلبر دھوموں سے بچ جا

آ میری زلفوں کے سائے میں آ

گانا نمبر ۸:۔ مرغا مرغی پیار سے دیکھے

ننھا چوجا کھیل کرے

میں کس کو بولوں جو میرے
ماتا پتا کا میل کرے
چڑیا اور چڑا مل جلکر
دُبکا چُن کر لائے
اپنے چھوٹے سے بچے کو
کھول کے چونچ کھلائیں
میں جب اپنے بھاگ کو سوچوں
آنکھ سے آنسو آئے
سب کے گھر کا ننھا بچہ
مات پتا سنگ کھیلے
میرا بچپن مات پتا کی دُوری کا دُکھ جھیلے
کوئی مجھے دلیا گھر دیدے
محل دو محلے نے لے
بڑوں کے آگے بات کریں
یہ ہم بچوں کا کام نہیں
اُن کا من پگھلے یہ اپنی
قسمت میں آرام نہیں
اُس گھر میں کیا رہنا جس میں
نیتا سنگ رام نہیں

تمام شد

فلم میں ترقی ہونے سے پیشتر آپ کو ایک ایکٹر بنیا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹرسیوں کے حالات نیز پرائیوٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۔/۱ علاوہ ڈاک خرچ

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں کتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اس لئے قابل مصنف نے اس کتاب میں تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۱ علاوہ ڈاک خرچ

[illegible] دہلی